خبروں کا اعلامیہ

حلال سرمایہ کاری (فائنینسنگ) تک رسائی کو بڑھانا

12 اپریل، 2023

البرٹا کی حکومت البرٹا کونسل آف امامز اور الرشید مسجد کے ساتھ مل کر اسلامی تعمیل، یا حلال،(فائنینسنگ) کے مواقع تلاش کر رہی ہے۔

2022میں، البرٹاکی حکومت نے کاروباری اداروں کو بعض قانون سازی اور ریگولیٹری تقاضوں سے عارضی ریلیف فراہم کرنے کے لیے ایک ریگولیٹری سینڈ باکس (regulatory sandbox)متعارف کرایا، جس سے ان کے لیے تحقیق اور مارکیٹ کے لیے اپنی نئی مصنوعات اور خدمات کو اپنانا آسان ہو گیا۔

فی الحال، بہت سے مسلمان ریگولیٹڈ مالیاتی اداروں کے ذریعے روایتی رہن کی مالی اعانت (mortgage financing)تک رسائی حاصل کرنے سے قاصر ہیں، کیونکہ اسلامی قانون کے تحت سود ادا کرنا یا وصول کرنا ممنوع ہے۔ حلال فائنینسنگ مستند گھریلو خریداروں کو فیس اور چارجز کا استعمال کرتے ہوئے رہن(مارٹگیج) فراہم کرتی ہے جو باقاعدہ رہن کی ادائیگیوں سے ملتے جلتے ہیں۔

البرٹاکے پاس حلال فائنینسنگ کو متعارف کرانے میں مدد کے لیے طریقہ کار(میکینزم)موجود ہے۔ البرٹاکا ریگولیٹری سینڈ باکس حلال فائنینسنگ کو تیز رفتار طریقے سے متعارف کرانے میں مدد کر سکتا ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کا موقع بھی پیدا کرتا ہے کہ ضروری قانون سازی کی تبدیلیاں اسلامی قانون کے مطابق ہوں گی۔

"بطور پریمیئر، مجھے تمام کمیونٹیز کی طرف سے وکالت کرنے کے قابل ہونے پر واقعی خوشی ہے۔ حلال رہن (مارٹگیجیز)کو فعال کرنے کے لیے البرٹاکے اختراعی انداز کے ساتھ، اس صوبے میں زیادہ سے زیادہ لوگ رہن کے قرض فراہم کرنےوالی خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ البرٹاکو اپنے عقیدے کے مطابق عمل کرنے اور جینے کے لیے ایک آسان جگہ بنانا ، دنیا بھرکے ان لوگوں کے لیے ایک محفوظ اور جامع البرٹاکی تعمیر کا ایک اہم حصہ ہے، جو ایک بہتر زندگی کا خواب دیکھتے ہیں۔ "

ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر(Danielle Smith, Premier)

سینڈ باکس (sandbox)میں درخواست دہندگان کو صارفین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے داخلے کے سخت تقاضوں کو پورا کرنا چاہیے۔ ریگولیٹری سینڈ باکس میں تحقیق کے بعد، حکومت قانون سازی میں ترمیم متعارف کرانے کی سمت کام کرے گی جو البرٹاکے مالیاتی اداروں کو حلال فائنینسنگ کی پیشکش کرنے کے قابل بنائے گا۔

البرٹاپہلا صوبہ ہے جس نے صوبائی طور پر منظم مالیاتی ادارے کے ذریعہ حلال فائنینسنگ کی پیشکش کی ہے۔

"ہمیں خوشی ہے کہ نئے مالیاتی حل کے ساتھ البرٹنس) کی مدد کرنے کے لیے میکینزم زیر عمل ہیں جیسے کہ ریگولیٹری سینڈ باکس (regulatory sandbox)کے تحت دستیاب چھوٹ کے ذریعے حلال فنانسنگ کی ترقی۔ اس بات کو یقینی بناتے ہوے کہ البرٹاکے صارفین تحفظ ہیں، ایک لچکدار ریگولیٹری ماحول بنا کر، ہم صوبے میں نئی اور اختراعی مالیاتی خدمات کو راغب کر سکتے ہیں ۔"

متعلقہ معلومات

ایلبرٹاکاریگولیٹری سینڈ باکس

Alberta’s regulatory sandbox

میڈیا انکوائریز

شارلوٹ ٹائیلون(Charlotte Taillon)

Charlotte.taillon@gov.ab.ca

780-932-5381

پریس سیکریٹری، ٹریزری بورڈ اینڈ فاِئنینس

(Press Secretary,Treasury Board and Finance)

خبروں کا اعلامیہ

ٹریوس ٹووز، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیر خزانہ (Travis Toews, President of Treasury Board and Minister of Finance)

"ہم البرٹا میں حلال رہن کی بنیاد رکھ رہے ہیں تاکہ مسلم کمیونٹی کے لوگ باقاعدہ رہن جیسی شرائط میں آسانی سے قابل استطاعت رہائش کےمالک بن سکیں۔ یہ اقدام ہماری کمیونٹی کو اپنے مسلم عقیدے کا احترام کرتے ہوئے مالی اعانت کے زیادہ مواقع فراہم کرے گا۔

عمر محمود، صدر، ایڈمنٹن کونسل آف امامز (ای سی آئی) (Mahmoud, president, Edmonton Council of Imams (ECI))

فوری حقائق

- ریگولیٹری سینڈ باکس(regulatory sandbox)، جو جولائی 2022 سے کام کر رہا ہے، کینیڈا میں اپنی نوعیت کا پہلا ہے، جو البرٹا کو ایک اور مسابقتی فائدہ دیتا ہے۔
- پوری دنیا میں مختلف صنعتوں اور معیشت کے شعبوں کے لیے ریگولیٹری سینڈ باکس(regulatory sandbox) قائم کیے گئے ہیں۔
- ریگولیٹری سینڈ باکس(regulatory sandbox) کے لیے ہر درخواست دہندہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ :
    - جسمانی طور پر ایلبرٹا میں موجود ہو
    - مالیاتی مصنوعات یا خدمات پیش کرے
    - ایلبرٹا میں نئی اور جدید مصنوعات پیش کرے
    - ایک درست اور قابل عمل کاروباری منصوبہ فراہم کرے
    - مناسب نگرانی کو یقینی بنانے کے لیے وزیر خزانہ کی طرف سے مقرر کردہ دیگر شرائط،عام شرائط یا پابندیوں کو پورا کرے